حکومت پاکستان

کوآپریٹو سوسائٹیز ڈیپارٹمنٹ، اسلام آباد

عنوان:۔ نوٹس برائے انتخابات انتظامی کمیٹی

فیڈریشن آف ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ اسلام آباد

سوسائٹی ہذا کے الیکشن برائے انتظامی کمیٹی مورخہ 11-01-2025 بروز ہفتہ بوقت 09 بجے، بمقام اقبال گراونڈ، F-8 مرکز، اسلام آباد منعقد ہونگے۔

۱۔ حسب ذیل عہدوں کیلئے انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔

(i) صدر (ii) نائب صدر (iii) سیکریٹر (iv) خزانچی (v) ایگزیکٹو ممبر تعداد (5)

۲۔ عبوری ووٹرلسٹ سوسائٹی آفس اور دفتر الیکشن کمشنر/ڈپٹی ڈائیریکٹر (فوڈ)، ایف ۸ مرکز، اسلام آباد میں مورخہ 18-11-2024 تا 20-11-2024 آویزاں کی جائے گی۔

۳۔ عبوری ووٹرلسٹ پر اعتراضات سوسائٹی آفس اور دفتر الیکشن کمشنر/ڈپٹی ڈائیریکٹر (فوڈ)، ایف ۸ مرکز، اسلام آباد مورخہ 21-11-2024 تا 25-11-2024 داخل کیئے جاسکتے ہیں۔ عبوری ووٹرلسٹ پر اعتراضات کی سماعت مورخہ 26-11-2024 کو ہوگی اور حتمی ووٹرلسٹ مورخہ 28-11-2024 کو آویزاں کی جائے گی۔

۴۔ انتخابات میں شرکت کے متمنی حضرات نامزدگی فارم ڈپٹی ڈائیریکٹر (فوڈ)، ایف ۸ مرکز، اسلام آباد کے دفتر سے مورخہ 29-11-2024 تا 03-12-2024 شام 4 بجے تک حاصل کرسکتے ہیں۔ پروگرام الیکشن مندرجہ ذیل ہوگا۔

(الف) نامزدگی فارم داخل کرانے کی تاریخ مورخہ 04-12-2024 تا 06-12-2024 شام 4 بجے تک ہے۔

(ب) کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال دفتر الیکشن کمشنر/ڈپٹی ڈائیریکٹر (فوڈ)، ایف ۸ مرکز، اسلام آباد میں مورخہ 09-12-2024 تا 11-12-2024 تمام امیدواران کے روبرو ہوگی۔ تمام امیدواران کی حاضری لازمی ہوگی اور بعدازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

(ت) سماعت اپیل اور فیصلہ۔ جن امیدواران کے کاغذات نامزدگی مسترد ہونگے ان کی اپیلوں پر سماعت اور فیصلہ مورخہ 12-12-2024 تا 18-12-2024 کیا جائے گا۔

(ج) واپسی نام۔ نام بطور امیدواران واپس لینے کی تاریخ مورخہ 19-12-2024 تا 20-12-2024 ہے۔

(ح) حتمی فہرست امیدواران الیکشن انتظامیہ کمیٹی 23-12-2024 کو آویزاں کی جائے گی۔

(خ) کمیٹی کے ممبران کا انتخاب خفیہ ریلٹ پیپر کے ذریعے مورخہ 11-01-2025 بروز ہفتہ 09 بجے شروع ہوکر شام 04 بجے تک بمقام اقبال گراونڈ، F-8 مرکز، اسلام آباد جاری رہے گا۔

۵۔ انتخاب میں حصہ لینے کی اہلیت:۔

اب ہر وہ شخص انتظامی کمیٹی کے انتخاب میں حصہ لے سکتا ہے جو کہ:

(i) جس ممبر کا نام حتمی ووٹرلسٹ میں موجود ہو (ii) جس کی عمر ۲۱ سال سے زائد ہو (iii) ممبر سوسائٹی جو سوسائٹی ہذا کا پارٹ ہولڈر ہو اور اس نے پلاٹ کی پوری قیمت جمع کرائی ہو۔ (iv) جسے فاتر العقل نہ قرار دیا گیا ہو۔ (v) ایگزیکٹو ممبر کے لیے ممبر شپ ایک سال پرانی ہو یا سالانہ اجلاس عام سے منظور شدہ ہو۔ (vi) صدر و نائب صدر، سیکریٹری اور خزانچی کے لیے ممبر شپ کم از کم تین سال پرانی ہو۔ (vii) وہ ممبران جن کے رشتہ دار مثلاً والدین، بھائی، بہن یا میاں، بیوی سوسائٹی میں ملازمت یا سوسائٹی سے کسی قسم کا مالی فائدہ حاصل نہ کرتا ہو۔ (viii) جو رول 28 کوآپریٹو سوسائٹیز رولز 2016 کے تحت معطل شدہ انتظامی کمیٹی کا ممبر نہ رہا ہو (ix) جو ممبر سوسائٹی سے مالی فائدہ حاصل نہ کرسکتا ہو نیز رکنیت اسٹیٹ کا پرچیز نہ کرتا ہو (x) وہ کسی اخلاقی جرم میں سزا یافتہ نہ ہو (xi) اپنے ممبران جن کی ممبر شپ سوسائٹی by-laws/rules کے مطابق معطل شدہ نہ ہو (xii) وہ شخص جس کا سوسائٹی کے کاروبار میں ایسا مفاد نہ ہو جو اسکی جانبدارانہ ڈیوٹی کے ساتھ متصادم ہو (xiii) وہ شخص جو سوسائٹی سے مالی فائدہ، تعاون یا قرضہ لیا ہو اور تا مزدگی فارم جمع کروانے سے دو سال پہلے اپنا واجبات ادا کر چکا ہو (xiv) وہ شخص جو کسی ادارہ میں سرکاری ملازم ہو گا نامزدگی فارم جمع کرواتے وقت متعلقہ ادارہ سے NOC جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ (xv) ایسا ممبر جو پہلے سے کسی بھی دوسری کوآپریٹو سوسائٹی کی انتظامیہ کمیٹی کا ممبر ہو اور نامزدگی فارم جمع کرانے سے پہلے متعلقہ کمیٹی سے مستعفی ہو چکا ہو۔

۶۔ ووٹ ڈالنے کی اہلیت:۔

ا۔ ممبر سوسائٹی جن کی نام الیکشن کمیشن کی جاری شدہ حتمی ووٹرلسٹ میں موجود ہو وہی انتخابات میں صرف ایک ووٹ ڈال سکتا ہے۔ نیز سوسائٹی ممبران کے لیئے ثبوت کے طور پر نادرا کا اصل شناختی کارڈ، اصل ممبر شپ سلپ/اصل الاٹمنٹ لیٹر ہمراہ لانا لازمی ہے۔

(نوٹ) فارم نامزدگی شیڈول ہذا کے ہمراہ ہر ایک ممبر کو بھیجا جارہا ہے۔ اگر کسی ممبر کو مذکورہ فارم نہ ملا ہو تو تاریخ مقررہ تک سوسائٹی آفس، اسلام آباد یا ڈپٹی ڈائیریکٹر (فوڈ)، ایف ۸ مرکز، اسلام آباد کے دفتر سے حاصل کرسکتے ہیں۔

(ڈپٹی ڈائیریکٹر (فوڈ)/الیکشن کمشنر فیڈریشن آف ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ اسلام آباد)

آفس آف دی ڈپٹی ڈائیریکٹر (فوڈ) F-8 مرکز اسلام آباد۔ فون نمبر 051-9260412

ممبر الیکشن کمیشن — سرفراز خان

ممبر الیکشن کمیشن — ماجد علی زیب